# درخواست برائے فراہمی گاڑیاں (کرایہ پر)

توسیع ٹینڈر انکوائری نمبر: **Admin/ISD/11.5** مورخہ **08/04/2026**

# سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لیمیٹڈ

# ایس این جی پی ایل اسلام آباد

# تعارف

درج ذیل گاڑیاں سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لیمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) کو اپنے مختلف دفاتر میں کرایہ پر درکار ہیں۔ گاڑیوں کے مالکان شرائط وضوابط اور کنٹریکٹ میں دیئے گئے اصول وضوابط کے مطابق گاڑیاں یومیہ کرایہ کی بنیاد پر فراہم کریں گے۔ مزید یہ کہ گاڑیوں کے مالکان ایک یا ایک سے زائد گاڑیاں ایک یا ایک سے زائد دفاتر / ریجنز میں بھی مہیا کر سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | گاڑیوں کی قسم | وضاحت |
|---|---|---|
| 1 | وین (4x2) مثلاً سوزوکی بولان، فاء ایکس پی وی، چنگان کاروان وغیرہ | 1000 سی سی تک ماڈل 15 سال سے پرانا نہ ہو۔ |
| 2 | جیپ / کسی قسم کی دوسری متبادل گاڑی (4x4) | بہتر حالت میں ہو |

کمپنی کو نیچے دی گئی ضروریات / سرکاری سرگرمیوں کے سلسلے میں کمپنی ملازمین کی آمد ورفت اور سامان کی ترسیل کے لیے درج بالا گاڑیاں کرایہ پر درکار ہیں البتہ وقت کے ساتھ ساتھ مزید ضروریات بھی ہو سکتی ہیں۔

صارفین کے گیس کنکشن کی لیکیج کی شکایات، کم پریشر اور گھریلو میٹروں کی دوبارہ بحالی وغیرہ، پرانے پائپ لائن نیٹ ورک کی مرحلہ وار تبدیلی، سطح زمین سے اُوپر اور زیر زمین گیس لیکیج کی سرگرمیاں، والو۔ کمرشل اور صنعتی صارفین کی نگرانی، خلاف ورزی کی صورت میں میٹر ڈس کنکشن، پرانے میٹروں کی تبدیلی، گھریلو اور کمرشل صارفین کی پریشر کی پڑتال، انڈسٹریل کمرشل اور گھریلو صارفین کی بلنگ۔ تمام نئی بچھائی جانے والی پائپ لائنوں کی چیکنگ، روزانہ کیش اور سکرول کی بنک سے وصولی، پیٹرولنگ، ایس ایم ایس باقاعدہ Visits برائے پریشر پروفائلنگ۔ والو اسمبلی کی مرمت وغیرہ۔

اُوپر دی گئی تفصیل کے مطابق دلچسپی رکھنے والے گاڑی مالک / کنٹریکٹر جو کہ ایف بی آر کی لسٹ کے مطابق Active Tax Payer ہیں سے کرایہ پر گاڑی کی فراہمی کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں۔ کنٹریکٹرز / گاڑی مالکان ٹینڈر دستاویزات Download کر کے دستاویزات کو مکمل کرنے کے بعد EPADs پر Login ہو کر Upload کریں گے۔ جو کہ مورخہ 30/04/2026 کو 11:30 am بجے کھول دی جائیں گی۔

دستخط

انچارج ایڈمن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نام / دستخط۔ (مالک گاڑی)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## شرائط وضوابط۔

ا۔ گاڑی مالکان/ کنٹریکٹرز/فرمز گاڑیوں کے رجسٹریشن نمبر ملکیتی ثبوت کے ساتھ اسلام آباد آفس میں کرایہ پر دینا چاہتے ہیں واضح طور پر تحریر کریں گے کنٹریکٹ کی معیاد ابتدائی طور پر ایک سال ہوگی۔ تاہم گاڑی مالک کی طرف سے سٹامپ پیپر دینے کی صورت میں بھی گاڑی کرائے کے لیئے لگائی جاسکتی ہے۔

۲۔ گاڑیوں کی تعداد ماہانہ کی بنیاد پر بڑھ اور کم بھی ہوسکتی ہے۔ اسلام آباد آفس کے مطابق کرایہ پر لینے کے لئے ہائرڈ گاڑیوں کی تفصیل ملحقہ Iاور IIپر منسلک ہے۔

۳۔ جہاں کمپنی چاہے گی عبارت "ON CONTRACT TO SNGPL" کو گاڑی کے فرنٹ اور بیک پر چسپاں کیا جائے گا اور اسکی قیمت کنٹریکٹرز/ گاڑی مالکان ادا کریں گے جبکہ گاڑی ڈی ہائر ہونے پر مونوگرام کو فوری طور پر ہٹا دیا جائے گا۔

۴۔ گاڑیاں کمپنی پالیسی کے تحت جائنٹ انسپیکشن کے بعد لی جائیں گی اور ایس این جی پی ایل کے دفتر میں پارکنگ کی جگہ کی دستیابی پر دفتر میں پارک ہوں گیں۔ پارکنگ کی جگہ کی عدم دستیابی کی صورت میں کنٹریکٹرز/ مالکان اپنی گاڑیاں دیئے گئے اپنے رہائشی پتہ پر گاڑیاں پارک کریں گے اور دفتر سے گھر اور گھر سے دفتر کا روزانہ فاصلہ لاگ بک میں درج کریں گے جسکی کٹوتی ماہانہ بل سے اُس وقت کے پٹرول ریٹ کے تحت کی جائے گی۔ گھر پر گاڑی اسٹینڈ بائی تصور کی جائے گی۔

۵۔ گاڑیاں جو کہ سڑک پر چلنے کے قابل نہ ہوں مکینیکل ان فٹ ہوں۔ بیرونی حالت خراب ہو قبول نہیں کی جائیں گی۔ اگر کوئی گاڑی قبول کئے جانے کے بعد درج بالا وجوہات کی بنیاد پر سڑک پر چلنے کے قابل نہ رہی تو کنٹریکٹر/ گاڑی کے مالک کو کمپنی کیطرف سے آگاہ کرنے پر 2 دنوں کے اندر مطلوبہ گاڑی/ گاڑیاں فراہم کرنی ہوگی بصورت دیگر عدم فراہمی پر یومیہ کرایہ گاڑی فراہمی تک کاٹ لیا جائے گا۔

٦۔ گاڑی کے ڈرائیور کو روزانہ 10 گھنٹے ڈیوٹی سر انجام دینا ہوگی۔ تاہم 10 گھنٹے سے زائد ڈیوٹی ادا کرنے پر کمپنی ڈرائیور کو بحساب 20 روپے فی اضافی گھنٹہ اوور ٹائم ادا کرے گی۔

۷۔ پیٹرول/ سی این جی/ ڈیزل بذریعہ پی ایس او فیول فلیٹ کارڈ یا پینل فیول اسٹیشن کے ذریعے مہیا کیا جائے گا۔ گاڑیوں کی تمام قسم کی مرمت/ سروس کنٹریکٹر/ مالکان کے ذمے ہوگی۔ اور گاڑی کی مرمت/ سروس کے لیے مناسب وقت کنٹریکٹر/ مالک کو دیا جائے گا۔ بڑی خرابی/ بریک ڈاون کی صورت میں کنٹریکٹر/ مالک متبادل گاڑی دو دن میں فراہم کرے گا۔ ورنہ یومیہ کرایہ گاڑی کی فراہمی تک کا اس کے بل میں سے کاٹ لیا جائے گا۔

دستخط

۸۔گاڑی کاانشورنس/ٹوکن ٹیکس وغیرہ روٹ پرمٹ اورویلڈنگ پلانٹ / کمپریسر ٹوئینگ کی اجازت کنٹریکٹر/ مالک کی ذمہ داری ہوگی۔ ایس این جی پی ایل کسی چالان وغیرہ کی صورت میں ذمہ دارانہ ہوگی ۔ ایکسیڈینٹ کے تمام اخراجات کنٹریکٹر / مالکان ادا کریں گے۔ تھرڈپارٹی کے ساتھ ایکسیڈینٹ کے نتیجہ میں کنٹریکٹر / مالک یا اُسکا بیمہ کنندہ اداکریں گے ۔ پارکنگ / ٹول ٹیکس ایس این جی پی ایل اداکرے گی۔ گاڑیوں کی کم ازکم معیاری اوسط مائیلیج ( کلومیٹر فی لیٹر ) ہرگاڑی کی برقرار رکھی جائے گی۔کم مائیلیج کی صورت میں زیادہ فیول کی رقم کنٹریکٹر/ مالکان کے بل سے بازیاب کرلی جائے گی۔

۹۔ڈرائیورکامعاوضہ / تنخواہ کنٹریکٹر / گاڑی مالک کے ذمہ ہوگااور کمپنی ڈرائیورکی ادائیگی تنخواہ وغیرہ کی ذمہ دارنہ ہوگی ۔

۱۰۔ڈرائیوراپنی رہائش/ خوراک کاخود کنٹریکٹر/ مالک کی رقم پربندوبست کرے گااور کمپنی ڈرائیور کی رہائش/ خوراک کی ذمہ دارنہ ہوگی۔

۱۱۔کنٹریکٹر/ گاڑی مالکان کی کمپنی کے تخمینہ (یومیہ کرایہ ) پرآمادگی کی معیادٹینڈرانکوائری کلوزہونے سے 90 دن تک کارآمدرہے گی اوراتنی ہی معیاد کے لیے قابل توسیع ہے۔

۱۲۔تمام ہائیرڈ گاڑیوں میں کمپنی کے منظورشدہ کنٹریکٹر سےٹریکرلگوائے جائیں گے۔جس کے اخراجات کمپنی کے ذمہ ہوں گےالبتہ گاڑی ڈی ہائرہونے کی صورت میں ٹریکرواپس کرناضروری ہوں گےورنہ ماہانہ بل سےاس کی قیمت بازیاب کرلی جائے گی۔

۱۳۔ ہرفرم/ کنٹریکٹر/مالک گاڑی ٹینڈر دستاویز کے تمام صفحات پراپنے دستخط کرنے کاپابند ہوگا۔بصورت دیگرکوٹیشن نا قابل قبول ہو گی۔

۱۴۔ فرم/ کنٹریکٹر/ گاڑی کامالک تصدیق کریں کے گاڑی ہائرہونے کے بعداس بات کویقینی بنائیں گے کہ گاڑی کاڈرائیورموٹرکار، جیپ،ایل ٹی وی،ایچ ٹی وی،لائیسنس رکھتاہواچھے کپڑوں میں ملبوس ہوکراحسن طریقے سے ڈیوٹی سرانجام دے گا۔

۱۵۔فرم/ کنٹریکٹر/مالک گاڑی کاNTN/پروفیشنل ٹیکس/PSTسرٹیفکیٹ دینے کاپابند ہو۔

نام /دستخط۔ (مالک گاڑی)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**Stamp Paper Rs. 1000/-**

# ڈرافٹ معاہدہ برائے فراہمی گاڑی / گاڑیاں

مالک / کنٹریکٹر اور ایس این جی پی ایل کے گاڑی نمبر / ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ قسم( Vans, 4x2 and Jeeps, 4x4) مورخہ ۔۔۔۔۔۔۔ سے برائے دورانیہ 12 ماہ کے لیے یومیہ کرایہ ۔۔۔۔۔۔۔ مبلغ ۔۔۔۔۔۔۔۔ فی گاڑی فراہم کرنی ہے۔حوالہ کی شرائط اور کنٹریکٹ ایگریمنٹ کی شرائط و ضوابط برائے فراہمی گاڑی / گاڑیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۔قسم گاڑی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۔ یومیہ کرایہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۔ گاڑی نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۴۔ٹائپ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۵۔انجن نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۶۔چیسز نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۔ماڈل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۸۔ڈرائیور کا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۔شناختی کارڈ نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۰۔لائسنس نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہائر نگ کا دورانیہ کم یا زیادہ کرنے کا اختیار SNGPL کے پاس ہے۔اس کا انحصار مکمل طور پر گاڑی / گاڑیوں کی ضرورت پر منحصر ہے۔ اگرچہ حوالہ شرائط اور کنٹریکٹ ایگریمنٹ کی تمام شرائط وضوابط کی پابندی دونوں فریقین پر ضروری ہے تاہم حوالہ اصولوں اور کنٹریکٹ ایگریمنٹ کی اہم شقوں کی برائے حوالہ اور تعمیل دوبارہ نیچے تحریر کی جاتی ہے۔

**فیول۔** کمپنی کی طرف سے فیول صرف آپریشنل ڈیوٹی کے استعمال کے لیے دیا جائے گا۔انجن آئل ۔گریس ۔ بریک آئل اور تمام قسم کی مرمت / مینٹیننس کے متعلق اخراجات گاڑی مالکان / کنٹریکٹر برداشت کرے گا۔کم از کم معیاری اوسط مائیلج ( کلومیٹر / لیٹر ) ہر گاڑی کی برقرار رکھی جائے گی۔ جو کہ پیٹرول گاڑی کی 12 کلومیٹر فی لیٹر اور ڈیزل گاڑی کی 10 کلومیٹر فی لیٹر ہو گی۔کم مائیلج کی صورت میں زیادہ فیول کی رقم کنٹریکٹر / مالک کے بل سے بازیاب کر لی جائے گی۔

**سروس مرمت۔** گاڑی کا انشورنس / ٹوکن ٹیکس وغیرہ روٹ پرمٹ اور ویلڈنگ پلانٹ / کمپریسر ٹوئینگ کی اجازت کنٹریکٹر / مالک کی ذمہ داری ہو گی۔ایس این جی پی ایل کسی چالان وغیرہ کی صورت میں ذمہ دار نہ ہو گی۔ ایکسیڈینٹ کے تمام اخراجات کنٹریکٹر / مالک برداشت کریں گے۔تھرڈ پارٹی کا ہائیرڈ گاڑی سے ایکسیڈینٹ کے نتیجہ میں کنٹریکٹر / مالک یا اُسکا بیمہ کنندہ برداشت یا انتظام کریں گے۔ پارکنگ / ٹول ٹیکس ایس این جی پی ایل برداشت کرے گی۔

دستخط

ایڈمن انچارج ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نام / دستخط ۔ (مالک گاڑی) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**بلوں کی ادائیگی۔** ہائیرڈ گاڑیوں کے بل متعلقہ سیکشن / ڈیپارٹمنٹ کی تصدیق کے بعد متعلقہ ایڈمن آفیسر کو پروسسینگ کے لیے پیش کیے جائیں گے۔ ہر ممکن کوشش ہوگی کہ ہر بل کے وصول ہونے کے 30 دن کے اندر ادائیگی کر دی جائے۔ لاگ بک ہر گاڑی کے استعمال کنندہ سے دستخط شدہ استعمال کنندہ کا سرٹیفیکیٹ تصور کیا جائے گا۔

**ڈرائیوراوور ٹائم۔** دس (۱۰) گھنٹے ڈیوٹی ادا کرنے کے بعد ڈرائیور کو کمپنی پالیسی کے تحت اوور ٹائم گاڑی استعمال کرنے والے ڈیپارٹمنٹ کے ایگزیکٹو کے دستخط / تصدیق کے بعد ادا کیا جائے گا۔ اور ٹائم کا ریٹ 20 روپے فی گھنٹہ ہو گا۔ ڈرائیوراوور ٹائم (۱۰) دس گھنٹے ڈیوٹی کے بعد ادا کی گئی ڈیوٹی کا کلیم ماہانہ ہائیرڈ گاڑی بل کے ساتھ ادا کیا جائے گا۔

**منظوری برائے ایمرجنسی ڈیوٹی۔** گاڑی عام تعطیل کے دنوں میں ڈی ہائرڑ رہے گی۔ ماسوائے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ / ریجنل ہیڈ کی منظوری سے ضروری ایمرجنسی ڈیوٹی کے لیے اگر گاڑی درکار ہو گی۔

میں مالک گاڑی نے تمام شرائط وضوابط کو بغور پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور میں ان شرائط وضوابط کے تحت اپنی مذکورہ بالا گاڑی کمپنی کے تخمینہ شدہ کرایہ پر دینے کے لیے آمادہ ہوں۔

| استعمال برائے دفتر | کنٹریکٹر / مالک گاڑی |
| --- | --- |
| نام------------------------------- | نام------------------------------- |
| **ایڈمن آفیسر**------------------------- | **ولدیت**---------------------------- |
| **ریجن**------------------------------ | **شناختی کارڈ نمبر**----------------------- |
| **تاریخ**------------------------------ | **تاریخ**------------------------------ |

دستخط

انچارج ایڈمن--------------------------- نام / دستخط۔ (مالک گاڑی)----------------

# درخواست فارم برائے شمولیت ٹینڈر فراہمی گاڑیاں

**کنٹریکٹر /مالک گاڑی نام**-------------------------------------------------------------

**پتہ**---------------------------------------------------------------------

**ٹیلی فون نمبر**----------------------------------------------------------------

سینئر آفیسر ایڈمن

پلاٹ نمبر 28-30، انڈسٹریل ایریا I-9/2

اسلام آباد

درخواست برائے بولی جمع برائے فراہمی گاڑی یومیہ کرایہ پر

ٹینڈر انکوائری نمبر۔ **Admin/ISD/11.5**

ا۔ میں /ہم سوئی ناردرن پائپ کی متعلقہ ٹینڈر انکوئیری میں درخواست گزار ہیں۔

۲۔ میں /ہم سوئی ناردرن گیس کو اختیار دیتے ہیں کہ وہ دیئے گئے دستاویزات معلومات وغیرہ کی تصدیق کر سکتے ہیں۔

۳۔ نام برائے رابطہ نیچے دیا جاتا ہے۔

نام----------------- ٹیلی فون نمبر------------------

میں /ہم تصدیق کرتے ہیں کہ۔

دی گئی معلومات۔ کاغذات۔ درخواست وغیرہ ہر لحاظ سے درست ہیں۔ نامکمل اور غلط معلومات کی صورت میں کمپنی جو بھی فیصلہ کرے گی مجھے قبول ہو گا۔

**درخواست کنندہ**

نام:------------------------------

ولدیت:------------------------------

شناختی کارڈ نمبر:------------------------------

فون نمبر:------------------------------

دستخط

ایڈمن انچارج------------------ نام /دستخط۔ (مالک گاڑی)-------------

# مالی پیشکش برائے فراہمی گاڑیاں

نام (فرم/ کنٹریکٹر/مالک گاڑی)------------------------------------------------

میں/ہم اپنی گاڑی ہیڈ آفس میں کرایہ پر فراہم کرنا چاہتے ہیں۔

میں/ہم کمپنی کے یومیہ تخمینہ شدہ کرایہ Rs.1800 پر اپنی گاڑی دینا/دینے چاہتے ہیں۔مہربانی کر کے ٹک کریں۔

| نمبر شمار | گاڑیوں کی قسم | ٹک کریں |
|---|---|---|
| 1 | وین (4x2) مثلاً سوزوکی بولان، فاء ایکس پی وی، چنگان کاروان وغیرہ | |
| 2 | جیب/ کسی قسم کی دوسری متبادل گاڑی (4x4) | |

نام:------------------------------

ولدیت:------------------------------

شناختی کارڈ نمبر:------------------------------

فون نمبر:------------------------------

دستخط

ایڈمن انچارج-------------------------- نام /دستخط۔ (مالک گاڑی)-------------

# اہلیت کا معیار

| سیریل نمبر | درج ذیل شرائط میں سے کسی ایک کی بھی تکمیل نہ ہونے کی صورت میں درخواست گزار اہل نہ ہوگا۔ | |
|---|---|---|
| ۱۔ | فرم/ کنٹریکٹر/ مالک گاڑی نام | |
| ۲۔ | مستقل پتہ، ٹیلی فون نمبر | |
| ۳۔ | i۔(4x2)ویئز کی ماڈل کی حد کو، جو اس وقت 10 سال تک مقرر ہے مجاز اتھارٹی کی منظوری سے اچھی حالت میں موجود گاڑیوں کے لیئے 15 سال تک بڑھا دی گئی ہے۔<br>ii۔مجاز اتھارٹی کی منظوری سے ویئز 4x2 گاڑیوں کی اچھی حالت کا تعین ایک ہائرنگ کمیٹی کرے گی۔جس میں ایڈمن اور ایچ ایس ای کے نمائیندگان شامل ہوں گے اور اس کے منظوری متعلقہ ایچ او ڈی/جی ایم /ریجنل ہیڈ سے حاصل کی جائے گی۔<br>iii۔کنٹریکٹر/فرمز کو ٹینڈر کے عمل میں شرکت کی اجازت دی جاتی ہے،بشرطیکہ وہ گاڑیوں کے مالکان کی جانب سے جاری کردہ اتھارٹی لیٹر فراہم کریں۔جس میں مالک/مالکان گاڑیاں ایس این جی پی ایل کو کرایہ پر فراہم کرنے کی رضا مندی دی گئی ہو۔اس کے علاوہ انفرادی مالکان کی براہ راست شرکت بھی برقرار رہے گی۔<br>iv۔صرف وہی فرم/ کنٹریکٹر/مالک گاڑی کی فراہمی کے لیے زیر غور آئے گا جو کہ درج ذیل دستاویزات رکھتا ہو۔<br>NTN/موجودہ مالی سال کا پروفیشنل سرٹیفیکیٹ متعلقہ ریونیو/اتھارٹی میں پی ایس ٹی Active Tax Payer ہو۔ | |
| ۴۔ | تصدیق کہ ٹینڈر کے تمام شرائط وضوابط قبول ہیں اور کنٹریکٹ دیئے جانے کی صورت میں کمپنی کے تمام رولز اور پالیسی کی مکمل طور پر پابندی ہوگی۔ | |
| ۵۔ | فرم/ کنٹریکٹر/مالک گاڑی تصدیق کریں کہ گاڑی ہائیر ہونے کے بعد ڈرائیور جو کہ موٹر کار، جیپ، ایل ٹی وی، ایچ ٹی وی، لائسنس، رکھتا ہو اچھے کپڑوں میں ملبوس ہو کر احسن طریقے سے ڈیوٹی سرانجام دے گا۔ | |

| سیرل نمبر | پلیز ٹک کریں۔ | زیادہ سے زیادہ نمبر | مختص نمبر | نمبر کم سے کم | حاصل کردہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ا۔ | i۔فرم۔ پرائیویٹ لیمٹیڈ (کم ازکم 25 گاڑیوں کی پیشکش )<br>ii۔کنٹریکٹر۔ پروپرائیٹر (کم ازکم 15 گاڑیوں کی پیشکش )<br>iii۔مالک گاڑی۔ (ایک یاایک سے زیادہ) | 20 | 20<br>16<br>12 | 12 | |
| ۲۔ | ماڈل گاڑی 1-5 سال تک<br>........ 5-10 سال تک<br>........... 10-15 سال تک<br>گاڑی بہتر حالت میں ہوماسوائے وین (4x2) | 20 | 20<br>16<br>14<br>10 | 10 | |
| ۳۔ | گاڑی/ گاڑیوں کی تفصیل لسٹ ۔نام ،ماڈل ،ٹائپ کے ساتھ بمعہ رجسٹریشن بُک/سرٹیفیکیٹ کی کاپی<br>8 نمبر برائے ایک گاڑی اور2 مزید نمبر برائے ہراضافی گاڑی | 20 | 8 | 8 | |
| | | 60 | | 30 | |

50% نمبر حاصل کرنا ضروری ہے ۔اگر کوئی بھی فرم/ کنٹریکٹر/ مالک گاڑی کسی بھی کیٹگری میں کم سے کم نمبر حاصل نہ کرسکا وہ اہل تصور نہ ہوگا۔